روزنامہ نوائے وقت کراچی (3) 5 اپریل 2019ء

Jubilee
LIFE INSURANCE

# اطلاع برائے چوبیسواں سالانہ اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ " کمپنی" کے حصص یافتگان کا چوبیسواں سالانہ اجلاس عام بروز ہفتہ، مورخہ 27 اپریل 2019ء کو صبح 11:00 بجے آڈیٹوریم، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) ٹاور، جناح ایونیو، اسلام آباد پر مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا:

**ایجنڈا:**

**عمومی امور:**

1. تیئسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 30 مارچ، 2018ء کی کارروائی کی توثیق۔
2. 31 دسمبر 2018ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ چیئرمین جائزہ رپورٹ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔
3. کمپنی کے ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق 31 دسمبر 2018ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کیش ڈیویڈنڈ کی 145 فیصد (فی 10 روپے عمومی حصص پر 14.50 روپے) فائنل کیش ڈیویڈنڈ، علاوہ 3.00 روپے فی حصص انٹرم ڈیویڈنڈ یعنی 30 فیصد حصص یافتگان کو پہلے ہی ادا کئے جا چکے ہیں، چنانچہ 31 دسمبر 2018ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کل 17.50 روپے فی حصص یعنی 175 فیصد پر ادائیگی پر غور اور منظوری۔
4. سال 2019ء کیلئے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز اور شریعہ بردار آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ بورڈ اور آڈٹ کمیٹی نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس، جو بطور کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز پانچ (5) سال کی مدت پوری کر چکی ہے، کی جگہ میسرز اے۔ ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور قانونی آڈیٹرز اور شریعہ بردار آڈیٹرز، تقرری کی سفارش کی ہے۔ اسی مناسبت سے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)246 کی تعمیل میں، ممبران کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز کے علاوہ کسی دوسرے آڈیٹر کا نام تجویز کریں۔
5. چیئرمین کی منظوری سے اجلاس میں پیش کئے گئے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
نجم الحسن جنجوعہ
کمپنی سیکرٹری

تاریخ: 5 اپریل 2019ء
کراچی

**نوٹس:**

1. کمپنی کی حصص منتقلی کتب 21-04-2019 تا 27-04-2019 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی - 74400 کو 20-04-2019 کاروبار کے اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔
2. اس اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے پروکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پروکسی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔
3. ایک ممبر کسی بھی اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کیلئے ایک سے زائد پروکسی مقرر نہیں کر سکتا/سکتی۔ اگر کوئی بھی ممبر کسی بھی اجلاس کیلئے ایک سے زائد پروکسی تقرر کرتا/کرتی ہے اور کمپنی کو ایک سے زائد پروکسی دستاویزات جمع کراتا ہے تو انہیں غیر قانونی قرار دیا جائے گا۔
4. پروکسیز نافذ العمل ہونے کیلئے اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ آفس D-26، تیسری منزل، کشمیر پلازہ، جناح ایونیو، بلیو ایریا اسلام آباد پر لازماً موصول ہو جانی چاہئیں۔
5. ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں۔
6. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو اجلاس میں شرکت کرنے کیلئے پاکستان کے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے جاری کئے گئے سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں دی گئی ہدایات کی پیروی کرنی ہوگی۔
7. فزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل فوری طور پر ہمارے رجسٹرار آفس سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی -74400 کو ارسال کریں۔ کارپوریٹ ادارے بھی اپنے NTN ہمارے رجسٹرار کو درج بالا پتے پر ارسال کریں۔
8. مزید نوٹ فرمالیں کہ کمپنیوں کی جانب سے اداشدہ ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح انکم ٹیکس ریٹرن فائلر کیلئے 15 فیصد اور انکم ٹیکس ریٹرن نان فائلر کیلئے 20 فیصد ہے۔ تمام ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ Active Tax-payers List (ATL) پر اپنے نام کی موجودگی یقینی بنائیں، بصورت دیگر ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد کی بجائے 20 فیصد پر کی جائے گی۔

اس سلسلے میں تمام حصص یافتگان جو جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ حصص کے حامل ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئر ہولڈنگ پروپورشنز 20-04-2019 سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر فراہم کر دیں بصورت دیگر یہ سمجھا جائے گا کہ شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر/ہولڈرز کے حصص برابر ہیں۔

| کمپنی کا نام | فولیو/CDS اکاؤنٹس نمبر | کل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈنگ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ پروپورشن (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئر ہولڈنگ پروپورشن (حصص کی تعداد) |

9. **الیکٹرانک انداز میں کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی (e-Dividend)**

کمپنیز ایکٹ 2017ء (ایکٹ) کے سیکشن 242 کے قانون کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیز بشمول جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ پر لازم ہے کہ ڈیویڈنڈز کو صرف الیکٹرانک طریقے سے حصص یافتگان کو ان کے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کریں۔

ایکٹ کے سیکشن 242 کی لازمی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام لسٹڈ کمپنیز کو پابند کیا جاتا ہے کہ الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ حاصل کرنے، ان کے بینک اکاؤنٹ ریکارڈز کو اپ ڈیٹ کرنے اور ایک نظام بنانے کیلئے اپنے حصص یافتگان سے رجوع کریں، اس طرح یکم نومبر 2017ء تک کی تمام ڈیویڈنڈ کی ادائیگیاں صرف الیکٹرانک طریقے سے ادا کی جائیں گی۔
اس سلسلے میں کمپنی ایسے حصص یافتگان کو کمپنی کے ریکارڈ میں دستیاب ان کے ایڈریس پر رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے 6 اکتوبر 2017ء کو لیٹر جاری کر چکی ہے۔

SECP کی ہدایات کے مطابق حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فزیکل کیش ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کے بجائے کیش ڈیویڈنڈ براہ راست بینک اکاؤنٹ میں ادائیگی کیلئے اپنا ڈیویڈنڈ مینڈیٹ/مکمل بینک اکاؤنٹ/تفصیلات/انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN's) کے ساتھ فراہم کریں۔ اس حوالے سے حصص یافتگان کمپنی کی ویب سائٹ https://jubileelife.com/wp-content/uploads/2016/06/Bank-Mandate-Form.pdf. بینک مینڈیٹ فارم حاصل کر سکتے ہیں۔

حصص یافتگان کو ایک بار پھر ہدایت کی جاتی ہے کہ فراہم کردہ فارم پُر کر کے شیئر رجسٹرار "سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ" کو فزیکل ہولڈنگ اور سی ڈی سی اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ کی صورت میں انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا اپنی بروکریج فرم کو جمع کرادیں۔

UAN: (021) 111-111-554
www.jubileelife.com